13427 ـ سونے کے دانت لگوانا

سوال

سونے کے دانت لگوانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" ضرورت کے بغیر مردوں کے لیے سونے کے دانت لگوانے جائز نہیں، کیونکہ مرد کے لیے سونا حرام پہننا حرام ہے، لیکن اگر عورتوں میں سونے کے دانت لگوا کر زینت اختیار کرنی عادت ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں اس لیے اگر عادتا خوبصورتی کے لیے خول چڑھائے جاتے ہوں وہ اپنے دانتوں پر سونے کا خول چڑھا سکتی ہے، لیکن اس میں اسراف نہ ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" میری امت کی عورتوں کے لیے ریشم اور سونا حلال ہے "

اور جب عورت اسی حالت میں فوت ہو جائے، یا ضرورت کی بنا پر مرد نے دانتوں پر سونے کا خول چڑھایا ہو اور اسی حالت میں مر جائے تو اسے اکھاڑ لیا جائیگا، لیکن اگر ایسا کرنے سے مثلہ کا خدشہ ہو تو پھر نہیں، یعنی اگر یہ خدشہ ہو کہ دانت اکھاڑنے سے مسوڑا پھٹ جائیگا ت واسے رہنے دیا جائیگا؛ (اتارا اس لیے جائیگا کہ) یہ سونا مال شمار ہوتا ہے، اور میت کے بعد مال ورثاء کا ہے، اس مال کو میت کے ساتھ ہی دفن کرنا مال ضائع کرنے کے مترادف ہے. انتہی.